**01.11.2024**
**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں شمیم احمد
Music

.......................................................................

- ☆ بھارت اور چین کے فوجیوں نے 4 سال کے بعد مشرقی لداخ خطے میں Demchok علاقے میں حقیقی لائن آف کنٹرول پر دوبارہ گشت شروع کر دی ہے۔
- ☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے عوام سے جھوٹے وعدے کرنے کے معاملے میں کانگریس کی نکتہ چینی کی ہے۔
- ☆ اسپین میں سیلاب سے متعلق واقعات میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 202 ہوگئی ہے۔
- ☆ مہورَت کاروبار میں BSE اور NSE کے سینسیکس مثبت رخ پر بند ہوئے۔
- ☆ اور...... کرکٹ میں بھارت، ممبئی ٹیسٹ کے پہلے دن نیوزی لینڈ کے ساتھ میچ میں 149 رن پیچھے ہے۔

.......................................................................

(Music)
اب خبریں تفصیل سے

***India China Patrolling***

بھارت اور چین کے فوجیوں نے مشرقی لداخ خطے میں حقیقی لائن آف کنٹرول LAC پر گشت شروع کر دی ہے۔ بھارتی فوج کے ذرائع کے مطابق Demchok علاقے میں گشت دوبارہ شروع ہوگئی ہے، جو اپریل 2020 میں دونوں فوجوں کے درمیان ایک تازعہ پھوٹ پڑنے کے بعد تقریباً ساڑھے چار سال سے رکی ہوئی تھی۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے...........

VC- Suparna

پچھلے ماہ سفارتی اور فوجی سطح پر کئی مرتبہ مذاکرات کے بعد دونوں ملکوں نے فوجوں کو پیچھے ہٹانے سے اتفاق کیا تھا۔ کل دیوالی کے موقع پر بھارت اور چین کے سپاہیوں نے مختلف مقامات پر ایک دوسرے کو مٹھائیاں پیش کیں۔ اِن مقامات میں Chushul Moldo, Daulat Beg Oldi, Hot Spring, KK Pass اور Kongkla شامل ہیں۔ فوجوں کے پیچھے ہٹنے کا عمل پچھلے ماہ کی 22 تاریخ کو شروع ہوا تھا اور دونوں ہی فوجوں نے Depsang اور Demchok علاقوں میں اپنے عارضی خیمے ہٹانے اور وہاں بنی ہوئی دیگر عمارتوں کو ہٹانے کا سلسلہ شروع کیا تھا۔ منصوبے کے مطابق بھارت اور چین نے حساس علاقوں میں گشت کرتے ہوئے پہلے ہی ایک دوسرے کو اطلاع دینے سے اتفاق کیا ہے۔

بھوپیندر سنگھ، سپرنا سیکیا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

## PM Congress

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج لوگوں سے جھوٹے وعدے کرنے کے معاملے میں کانگریس کی نکتہ چینی کی۔ سوشل میڈیا پر جاری کئی پوسٹوں میں جناب مودی نے الزام لگایا کہ ملک بھر میں زیادہ سے زیادہ لوگ اِس بات کو سمجھنے لگے ہیں کہ کانگریس کو ووٹ دینا، عدم حکمرانی، خراب معاشیات اور غیر متوازی لوٹ کو ووٹ دینا ہے۔ انہوں نے کہا کہ لوگ کانگریس کے وہی پرانے جھوٹے وعدے نہیں بلکہ ترقی اور پیش رفت چاہتے ہیں۔ جناب مودی نے زور دے کر کہا کہ شہریوں کو کانگریس کی حمایت والے جھوٹے وعدوں کی ثقافت کے خلاف زیادہ ہوشیار رہنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ حال ہی میں ہریانہ کے عوام نے ہر طرح کے جھوٹ کو مسترد کر دیا اور ایک ایسی حکومت کو ترجیح دی جو مستحکم، ترقی کی جانب رواں اور کام کرنے پر یقین رکھنے والی ہے۔

جناب مودی نے کہا کہ کانگریس پارٹی بھی اِس مشکل راہ کو خوب سمجھ رہی ہے کہ غیر حقیقی وعدے کرنا آسان ہے لیکن اُن کو ٹھیک سے نافذ کرنا، مشکل ہے یا پھر ناممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس پارٹی کا موقف عوام کے سامنے بری طرح ظاہر ہوگیا ہے۔

اِدھر BJP نے آج کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے اور کانگریس کے سینئر لیڈر راہل گاندھی سے جناب کھڑگے کے اِس مشورے کے بعد معافی کا مطالبہ کیا ہے کہ پارٹی کے ریاستی یونٹوں کو چاہیے کہ وہ صرف وہی وعدے کریں جن پر مالی اعتبار سے عمل ممکن ہے۔ نئی دلّی میں آج میڈیا سے بات کرتے ہوئے BJP کے سینئر لیڈر روی شنکر پرساد نے کہا کہ پہلی مرتبہ کانگریس نے عوام کو گمراہ کرنے کا اعتراف کیا ہے۔

انہوں نے کہا کہ کرناٹک، تلنگانہ اور ہماچل پردیش میں کانگریس کی قیادت والی حکومتیں، عوام کو دی گئی گارنٹیوں کو پورا کرنے میں مالی مشکلات کا سامنا کر رہی ہیں۔ جناب پرساد نے کہا کہ کانگریس کے برخلاف BJP صرف وہی وعدے کرتی ہے جن کیلئے مالی دور اندیشی سے رہنمائی ملتی ہو۔ انہوں نے کہا کہ خواہ 6 ہزار روپے سالانہ کی رقم 11 کروڑ کسانوں کو منتقل کرنے کی بات ہو یا 80 کروڑ لوگوں کو مفت اناج مہیا کرانے کی بات ہو، BJP اپنے تمام وعدوں کو پورا کر رہی ہے۔ x

## Mandaviya Awards

کھیل کود اور نوجوانوں کے امور کے وزیر منسکھ مانڈویا نے نوجوانوں سے باوقار نوجوانوں کے قومی انعامات 2022-23 کیلئے درخواستیں پیش کرنے کی اپیل کی ہے۔ یہ انعامات، انفرادی زمرے میں 15 سال سے 29 سال کے نوجوانوں اور سماجی خدمات اور ترقی کے مختلف شعبوں میں تعاون دینے اور بہترین کام کرنے والی تنظیموں کو تفویض کئے جاتے ہیں۔ اِن شعبوں میں صحت، انسانی حقوق کے فروغ، سرگرم شہری خدمات اور کمیونٹی خدمات شامل ہیں۔

یہ انعام انفرادی زمرے میں تمغے، سٹیفکیٹ اور ایک لاکھ روپئے نقد پر مشتمل ہے، جبکہ تنظیموں کو تین لاکھ روپے کے نقد رقم بطور انعام دی جاتی ہے۔

جناب مانڈویا نے زور دے کر کہا کہ یہ انعام محض ایک ستائش نہیں ہے بلکہ سبھی کی شمولیت والے اور ترقی پسند بھارت کی نوجوان قیادت کے پروان چڑھنے کا جشن ہے۔

S/B 2100 Dr. Mandaviya

وجوانوں کے قومی انعامات 2022-23 کیلئے وزارتِ داخلہ کے کامن ایوارڈ پورٹل پر ایک نومبر سے 15 نومبر کے درمیان درخواستیں طلب کی جارہی ہیں۔x

## Rev. Jharkhand Ranchi Profile

جھارکھنڈ اسمبلی انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے نامزدگیاں واپس لینے کا عمل آج ختم ہوگیا۔ اِس مرحلے کیلئے 32 امیدواروں نے اپنی درخواستیں واپس لیں۔ اِس کے بعد 528 امیدوار انتخابی میدان میں رہ گئے ہیں۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

S/B: KK Lal

جھارکھنڈ اسمبلی انتخابات میں سب کی نگاہیں ریاستی راجدھانی رانچی اسمبلی حلقے پر لگی ہیں۔
اِس سیٹ سے دس آزاد امیدوار سمیت مجموعی طور پر 18 امیدوار میدان میں ہیں۔ تاہم اصل مقابلہ BJP کے CP سنگھ اور جھارکھنڈ مکتی مورچہ کی مہوا ماجی کے درمیان ہے۔ BJP امیدوار CP سنگھ، اِس سیٹ سے چھ مرتبہ کامیابی حاصل کر چکے ہیں۔ وہیں جھارکھنڈ مکتی مورچہ نے راجیہ سبھا کی رکن پارلیمنٹ مہوا ماجی کو میدان میں اتارا ہے۔ سال 2019 کے اسمبلی انتخابات میں ماجی نے CP سنگھ کو کڑی ٹکر دی ہے۔ وہیں AIMIM کے مہتاب عالم نے مقابلے کو سہ رخی بنادیا ہے۔ سبھی پارٹیاں ترقی کے معاملات کے ساتھ ساتھ رانچی میں امن وقانون کی صورتحال کو بھی موضوع بنا رہی ہیں۔
رانچی سے KK لال کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں توحید خان

## India US Vajra Prahar

بھارتی فوج کا دستہ، بھارت-امریکہ مشترکہ خصوصی فورسز کی مشق Vajra Prahar کے 15 ویں ایڈیشن کیلئے آج روانہ ہوگیا۔ امریکہ کے Idaho میں Orchard Combat ٹریننگ سینٹر میں یہ مشق کل سے 22 نومبر تک جاری رہے گی۔ اسی مشق کا پچھلا ایڈیشن پچھلے برس دسمبر میں میگھالیہ کے امروئی میں ہوا تھا۔ بھارت اور امریکی فوج کے درمیان سال میں یہ دوسری مشق ہوگی۔ اِس سے پہلے ستمبر کے مہینے میں راجستھان میں یودھ ابھیاس 2024 کے نام سے مشق کی گئی تھی۔

وزارت دفاع کا کہنا ہے کہ دونوں ملکوں کے دستے مشترکہ مشق میں حصہ لے رہے ہیں اور ہر ایک حصے میں پیتالیس پیتالیس اہلکار شامل ہیں۔ بھارتی فوج کے دستے کی نمائندگی خصوصی فورس کی یونٹیں کر رہی ہیں اور امریکی فوج کے دستے کی نمائندگی Green Berets of US کر رہی ہے۔ x

### Coal Production

کوئلے کی وزارت نے اِس برس اکتوبر میں کوئلے کی مجموعی پیداوار میں ایک بڑی کامیابی حاصل کی ہے اور یہ پیداوار 84 اعشاریہ چار-پانچ ملین ٹن تک پہنچ گئی ہے۔ کوئلے کی پیداوار، پچھلے برس اسی ماہ کے 78 اعشاریہ پانچ-سات ملین ٹن کو پار کر گئی جو کہ 7 فیصد کے اضافے کو ظاہر کرتی ہے۔ دیگر اداروں سے ہونے والی کوئلے کی پیداوار میں بھی خاطر خواہ اضافہ ہوا ہے اور یہ اِس برس اکتوبر کے مہینے میں پچھلے برس کی اسی مدت میں 11 اعشاریہ سات-صفر ملین ٹن کے مقابلے بڑھ کر 16 اعشاریہ پانچ-نو ملین ٹن ہوگئی ہے۔x

### Iron Ore Production

موجودہ مالی سال کے پہلے چھ مہینوں میں کچے لوہے کی پیداوار میں پانچ اعشاریہ پانچ فیصد کا اضافہ درج کیا گیا ہے۔ کانکنی کی وزارت نے کہا ہے کہ مالی سال 2024-25 کے اپریل سے ستمبر کے مہینے میں کچے لوہے کی پیداوار بڑھ کر 135 ملین ٹن ہوگئی ہے، جو پچھلے مالی سال کی اِسی مدت میں 128 ملین ٹن تھی۔x

### AP Butterfly Park

اروناچل پردیش میں صحت اور خاندانی بہبود اور آبی وسائل کے وزیر Biyuram Waghe نے آج Pakke Kessang ریزرو میں ایک بٹر فلائی پارک کا افتتاح کیا۔ Pakke Kessang ضلع میں Seijosa کے ویسٹ بینک فوریسٹ کیمپ میں واقع اِس نئے پارک کا مقصد علاقے میں حیاتیاتی تنوع کے تحفظ کی کوششوں کو بڑھانا اور ایکو سیاحت کو فروغ دینا ہے۔ وزیر موصوف نے Pakke ٹائیگر ریزرو کی نئی ویب سائٹ کا بھی اجرا کیا جس سے تحفظ، سیاحت اور حیاتیاتی تنوع کے بارے میں آسانی سے معلومات فراہم ہوں گی۔x

### AP Deepam 2.0 Scheme

آندھراپردیش کے وزیر اعلیٰ چندرا بابو نائیڈو نے اپنے چھ بڑے وعدوں کے حصے کے طور پر آج سریکاکولم میں Ichapuram منڈل کے Edupuram میں Deepam 2.0 اسکیم کا آغاز کیا۔ یہ پروگرام اہل کنبوں کو مفت میں گیس سلینڈر فراہم کرتا ہے تاکہ اُن کی زندگی کو بہتر کیا جاسکے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ..................

VC Sai Sistla

Deepam 2.0 کا باضابطہ آغاز کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے گیس سلینڈر سے بھری گاڑی کو جھنڈی دِکھا کر روانہ کیا اور ذاتی طور پر Ambati Shantamma کو پہلا سلینڈر سونپا۔ Praja Vedika میں عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے یقین دلایا کہ گیس سلینڈر کی قیمت 48 گھنٹے کے اندر تمام مستفیدین کو واپس کردی جائے گی۔ انھوں نے مزید کہا کہ مستفیدین اب ہر تین مہینے میں ایک بار سماجی پنشن لے سکتے ہیں۔ سماجی فلاح وبہبود کے تئیں NDA کے سرکار کے عہد کو اجاگر کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ مالی چیلنجوں کے باوجود وہ تمام انتخابی

وعدوں کو پورا کرنے کیلئے عہد بستہ ہیں۔

شہری ہوا بازی کے وزیر آر رام موہن نائیڈو اور ریاستی وزراء K. Atchennaidu, Nadendla Manohar اور Kondapalli سری نواس بھی اس موقع پر موجود تھے۔

وجے واڑہ سے Sai Sistla کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں توحید خان

## Spain Death

اسپین میں وزارت داخلہ کے کارروائی سے متعلق مربوط کوآرڈنیشن سینٹر نے خبر دی ہے کہ Valencian Community میں سیلاب کے سبب مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 202 ہوگئی ہے۔ اسپین کے موسمیات سے متعلق محکمے نے ملک کے جنوب مغربی حصے میں Huelva کے ساحل پر بارش کے سلسلے میں ریڈ الرٹ جاری کی ہے۔ مقامی میڈیا نے خبر دی ہے کہ آج صبح چالیس ہزار افراد تک بجلی کی رسائی معطل ہوگئی تھی۔ تلاشی اور صفائی کی کارروائیوں میں تعاون کیلئے فوج کے مزید اہلکاروں کو تعینات کیا گیا ہے۔ x

## India Albania

بھارت اور البانیہ نے Tirana میں مشاورت کی باہمی میٹنگ کی۔ کل مشاورتی میٹنگ کے دوران دونوں ملکوں نے باہمی، علاقائی اور بین الاقوامی معاملات کا جامع جائزہ لیا۔ باہمی معاملات میں سیاسی تعلقات، تجارت، ثقافتی تعلقات اور عوام سے عوام کے رابطے سے متعلق معاملات شامل ہیں۔ تبادلۂ خیال کے دوران بین الاقوامی سطح پر دونوں ملکوں کے درمیان تعاون پر بھی بات چیت کی گئی۔

میٹنگ کے دوران تجارت، سرمایہ کاری، سیاحت اور ثقافتی امور سے ایک دوسرے کو فیض پہنچانے اور تعلقات سے متعلق معاملات زیرِ غور آئے۔ بھارت نے اِس برس اگست میں البانیہ میں اپنا ریذیڈینٹ مشن کھولا ہے۔ x

## Rev. Botswana Election

Umbrella for Democratic Change-UDC کے صدارتی امیدوار Duma Boko آج بوتسوانا کے چھٹے صدر کے طور پر منتخب ہوئے ہیں۔ بوتسوانا کے چیف جسٹس Terence Rannowane نے قومی ٹیلی ویژن پر اِس کا اعلان کیا۔ جنوبی افریقی ملک کے انتخابی قانون کے مطابق پولنگ نیشنل اسمبلی کے 61 ممبران اور 609 مقامی کونسلر کا فیصلہ کرے گی۔ کم از کم 31 پارلیمانی سیٹ حاصل کرنے والی پارٹی کو فاتح قرار دیا جاتا ہے۔ حالانکہ ووٹوں کی گنتی اب بھی جاری ہے لیکن UDC نے قومی اسمبلی میں 34 سیٹیں حاصل کرلی ہے۔ حکمراں بوتسوانا ڈیموکریٹک پارٹی کو چار سیٹیں ملی ہیں۔

اس سے پہلے سبکدوش ہونے والے صدر Mokgweetsi Masisi نے شکست تسلیم کرلی ہے کیونکہ ابتدائی نتائج کے مطابق اُن کی حکمراں پارٹی نے اقتدار میں تقریباً چھ دہائیوں کے بعد آج پارلیمنٹ میں اکثریت کھو دی ہے۔ ہیرے سے مالامال جنوبی افریقی ملک میں بوتسوانا ڈیموکریٹک پارٹی 1966 سے اقتدار میں رہی ہے۔x

## DII October

گھریلو ادارہ جاتی سرمایہ کاروں DIIs نے اکتوبر میں بھارتی حصص میں ایک لاکھ کروڑ روپئے سے زیادہ کی سرمایہ کاری کی ہے جو ایک مہینے میں سب سے زیادہ ہے۔ یہ غیرملکی سرمایہ کاروں کی طرف سے بڑے پیمانے پر فروخت کی وجہ سے ہوا ہے جنھوں نے اِس مدت کے دوران مجموعی طور پر ایک لاکھ کروڑ روپئے مالیت کے اسٹاکس فروخت کئے۔ DII سرمایہ کاری تقریباً چار اعشاریہ چار ایک لاکھ کروڑ روپئے تک پہنچ گئی ہے اور یہ میچوئل فنڈ کے ذریعے بڑھتی ہوئی خردہ شراکت داری کی وجہ سے ہوا ہے۔ اس سے پہلے سب سے زیادہ ایک مہینے میں DII سرمایہ کاری 56 ہزار 350 کروڑ روپئے سے زیادہ کی تھی جو ایک ریکارڈ تھا۔x

## Ayurveda Day Srilanka

سری لنکا میں بھارت کے ہائی کمشنر سنتوش جھا نے کہا ہے کہ آیوروید، بھارت اور سری لنکا کے درمیان ایک پُل کی طرح ہے جو مشترکہ ثقافتی وراثت اور صحت کے روایتی علاج میں دونوں ملکوں کو آپس میں جوڑتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ آیوروید نے جس کی جڑیں بھارت کی قدیم دانشوری میں ہے، صدیوں سے سری لنکا کے مقامی دانشوری سے مل کر ایک منفرد روایت کو مستحکم کیا ہے۔ جناب جھا نے یہ باتیں آج کولمبو یونیورسٹی میں نویں آیوروید دن کی تقریبات کے موقع پر کہی۔x

## Muhurat Trading

بامبے اسٹاک ایکسچینج اور قومی اسٹاک ایکسچینج، دونوں نے دیوالی کے موقع پر مہورَت کاروبار کیا، جو Samvat 2081 کے آغاز کی علامت ہے۔ دونوں ہی ایکسچینج نے آج کے خصوصی کاروباری سیشن کا اختتام مثبت انداز میں کیا۔

بامبے اسٹاک کے ایکسچینج کے عدد اشاریے میں 335 پوائنٹ یا صفر اعشاریہ چار- دو فیصد کا اضافہ ہوا اور یہ 79 ہزار 724 پر بند ہوا۔ NSE کا نفٹی 99 پوائنٹ یا صفر اعشاریہ چار-ایک فیصد کے اضافے کے ساتھ 24 ہزار 304 پر بند ہوا۔ کاروبار سے قبل کا سیشن شام پونے چھ بجے شروع ہوکر 6 بجے بند ہوگیا، جبکہ معمول کا مارکیٹ کاروبار شام 6 بجے کے درمیان ہوا۔ x

## Chhath Special Trains

چھٹ پوجا کے پیش نظر ریلوے مسافروں کی سہولت اور بلا رُکاوٹ سفر کیلئے خصوصی ریل گاڑیاں چلا رہا ہے۔ قومی راجدھانی میں نئی دلّی، آنند وہار اور نظام الدین ریلوے اسٹیشنوں سے خصوصی ریل گاڑیاں چلائی گئی ہیں۔

آکاشوانی خبروں سے بات چیت کرتے ہوئے شمالی ریلوے کے چیف پبلک ریلیشن آفیسر ہمانشو شیکھر اُپادھیایہ نے بتایا کہ آج اور کل تقریباً 140 ریل گاڑیاں دلّی خطے سے مختلف بڑے ریلوے اسٹیشنوں کیلئے شمالی ریلوے کی جانب سے چلائی جارہی ہیں۔

S/B Himanshu Shekhar

## Festival Spl Train

اِن دنوں جاری تہواروں کے سیزن کے دوران بلا رکاوٹ اور اطمینان بخش سفر کو یقینی بنانے کیلئے پنجاب میں شمالی ریلوے کا فیروز پور ڈویژن خصوصی ریل گاڑیاں چلا رہا ہے۔ فیروز پور ڈویژن کے سینئر ڈویژنل منیجر پرم دیپ سنگھ سینی کے مطابق پنجاب سے 3 خصوصی فیسٹول ریل گاڑیاں 3 نومبر تک چلیں گی۔ اِن میں امرتسر- کٹیہار - امرتسر ریزروڈ فیسٹول خصوصی ریل گاڑی شامل ہے، جو کل دوپہر ایک بج کر 25 منٹ پر امرتسر سے روانہ ہوگی۔ یہ ریل گاڑی اتوار دیر رات 3 بجے کٹیہار پہنچے گی۔ لدھیانہ اور کولکاتا کے درمیان غیر ریزروڈ فیسٹول خصوصی ریل گاڑی 3 نومبر 2024 کو صبح ساڑھے 6 بجے لدھیانہ سے روانہ ہوگی۔ اِدھر آج شام بھٹنڈہ سے وارانسی کیلئے ایک خصوصی ٹرین رات 8 بج کر 50 منٹ پر روانہ ہوئی اور آج رات سوا 10 بجے لدھیانہ سے سہرسہ کیلئے ایک ریل گاڑی روانہ ہوگی۔

## Railway Ticket

ریل گاڑیوں کی ٹکٹ کی ایڈوانس ریزرویشن بکنگ کے نئے ضابطے آج سے لاگو ہوگئے ہیں۔ ریلوے نے ریل گاڑیوں میں ایڈوانسڈ ریزرویشن کی موجودہ وقت کی حد کو 120 دن سے گھٹا کر 60 دن کر دیا ہے۔ البتہ اِس برس 31 اکتوبر تک کی گئی تمام بکنگس اپنی جگہ برقرار رہیں گی۔ ریلوے کی وزارت کے مطابق یہ مشاہدہ کیا گیا تھا کہ 61 سے 120 دن کی مدت کے دوران کرائی گئی تقریباً 21 فیصد ریزرویشن منسوخ کرا دی جاتی تھیں۔ x

## Cricket

کرکٹ میں بھارت اور نیوزی لینڈ کے درمیان ممبئی میں کھیلے جارہے تیسرے اور آخری ٹیسٹ میچ کے پہلے دن بھارت اپنی پہلی اننگز میں نیوزی لینڈ سے 149 رن پیچھے ہے۔ دن کا کھیل ختم ہونے تک بھارت نے چار وکٹ کے نقصان پر 86 رن بنالئے تھے۔ شبھمن گل 31 رن بنا کر، رشبھ پنت کے ساتھ کریز پر موجود تھے۔ صبح نیوزی لینڈ نے ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کرتے ہوئے 235 رن بنائے تھے۔ رِوندر جڈیجہ نے پانچ جبکہ واشنگٹن سندر نے چار وکٹ حاصل کئے۔ جڈیجہ سابق گیندباز ظہیر خان اور اِشانت شرما سے آگے نکلتے ہوئے بھارت کی جانب سے ٹیسٹ میچ میں سب سے زیادہ وکٹ لینے والوں کی فہرست میں پانچویں مقام پر پہنچ گئے ہیں۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆